مدنی منّوں اور منّیوں کے لیے ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دُعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

# اسلامیات



برائے پری نرسری

Dar-ul-Madinah

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

## کتاب پڑھنے کی دُعا

کتاب پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجیے اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔

اوّل آخر ایک بار دُرود شریف پڑھ لیجیے

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر علم وحکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رحمت نازل فرما، اے عظمت اور بزرگی والے (مستطرف، ج ۱، ص ۴۰، دارالفکر بیروت)

# اسلامیات

## برائے پری نرسری

نام ________ ولد ________ فون ________

دارالمدینہ ________

ایڈمیشن آئی ڈی ________ جی آر نمبر ________ رول نمبر ________

Dar-ul-Madinah

دعوت اسلامی

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

**پبلشر**

دارالمدینہ پبلی کیشنز

پہلی اشاعت ۲۰۱۶

ISBN: 978-969-631-469-1

**تیاری و پیش کش**

شعبۂ نصاب، دارالمدینہ

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان — بھارت — سری لنکا — برطانیہ — ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "اسلامیات (پری نرسری)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب ورسائل کی جانب سے نظر ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

تاریخ: ۱۸ دسمبر ۲۰۱۴ — مجلس تفتیشِ کتب ورسائل (دعوتِ اسلامی)

## ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بُنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی ودنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

### Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

| | | | |
|---|---|---|---|
| Title of Account | Darul Madina Educational Support Fund | Branch Code | 0891 |
| Account No. | 0112-0891-010-1515-9 | Swift Code | UNILPKKA |
| Bank | UBL Ameen | IBAN Code | PK97UNIL0112089101015159 |
| Branch | Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi | | |

### For Sadqaat-e-Nafila

| | | | |
|---|---|---|---|
| Title of Account | DAWATEISLAMI | Branch Code | 0063 |
| Account No. | 0388841531000263 | Swift Code | MUCBPKKA |
| Bank | MCB Bank Limited | IBAN Code | PK20MUCB0388841531000263 |
| Branch | Cloth Market Branch, Karachi | | |

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔

www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

# پیش لفظ

دینِ اسلام نے امتِ مسلمہ کے ہر فرد پر چاہے وہ مرد ہو یا عورت تحصیلِ علمِ دین کو فرض قرار دیا ہے لہٰذا ہر مسلمان کے لیے عبادات واخلاقیات اور اپنی ضرورت کے مسائل سے آگاہ ہونا اور ان پر عمل کرنا بے حد ضروری ہے۔ ایک اچھے مسلمان کو چاہئے کہ وہ اپنی زندگی کو اسلامی اصولوں کے مطابق سنوار کر اپنی ذمہ داریوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے احسن طریقے سے سرانجام دینے کی کوشش کرے۔ اچھائی کے فروغ اور بُرائی کے سدِ باب کے لیے اپنا دینی واخلاقی فریضہ ادا کرے۔

طلباء مستقبل کے معمار ہوتے ہیں جو ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ انہیں باعمل مسلمان بنانے کے لئے ان کی زندگی میں اسلامی تعلیمات کا نفاذ بے حد ضروری ہے۔ اسلامیات کی یہ سیریز پری نرسری سے کے جی تک کے تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ جس کا مقصد طلبہ میں دینی شعور اجاگر کرنا ہے۔ ان کتب میں طلبہ کی ذہنی استعداد کے مطابق ایمانیات، عبادات، نماز کے اذکار، دُعائیں، اخلاقیات، سنّتیں اور آداب کے ساتھ ساتھ سیرتِ مُصطفیٰ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو شامل کیا گیا ہے۔ مختصر اور آسان سوال وجواب نیز سبق کے مطابق عملی سرگرمیاں دلچسپی کو بڑھانے اور بُنیادی باتیں پڑھ کر یاد رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے نصابی کتب کو تدریسی ضروریات واُصولوں کے مطابق معلوم سے نامعلوم اور آسان سے مشکل کے تحت مدون کیا گیا ہے۔

ہم اُمید کرتے ہیں کہ اِنْ شَآءَاللہُ عَزَّوَجَلَّ پری پرائمری کے مدنی منوں اور منیوں کی اسلامی تربیت اور ذہن سازی کے لئے یہ سیریز مفید ثابت ہوگی۔ عُلمائے کرام اور ماہرین تعلیم سے گزارش ہے کہ اپنے مفید مشوروں سے ضرور نوازیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے طفیل ہماری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ دعوتِ اسلامی کے ہر شعبہ کو دن پچیسویں رات چھبیسویں ترقی وکامرانی عطا فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

شعبۂ نصاب دار المدینہ

دعوتِ اسلامی

# "تربیت اولاد" کے دس حروف کی نسبت سے والدین کے لئے "دس مدنی پھول"

1. اسلامی معاشرے کا بہترین فرد بنانے نیز بحیثیت والدین اپنی ذمہ داری احسن انداز میں نبھانے کے لئے اولاد کی بہترین تربیت بہت ضروری ہے۔ ابتدا ہی سے اللہ عزوجل اور اس کے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی محبت پیدا کرنے کے لئے اپنے گھر کو تلاوت ونعت وغیرہ کی برکتوں سے مالامال رکھیے۔ مدنی چینل اس کا بہترین ذریعہ ہے۔
2. نماز کا عادی بنانے کی نیت سے بچوں کو شروع سے ہی نماز پڑھنے کا ذہن دیجیے اور سات سال کی عمر سے خصوصی تاکید کے ساتھ باقاعدہ نماز پڑھوایئے۔
3. سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّتیں سیکھنے اور سکھانے کی نیت سے اپنے گھر میں فیضانِ سُنّت کا درس جاری کیجیے۔
4. والدین، اساتذہ کرام اور بزرگوں کا ادب واحترام سکھانے کی نیت سے مکتبۃ المدینہ کی کتابوں سے بزرگانِ دین رَحِمَھُمُ اللہُ الْمُبِیْن کے واقعات سنایئے۔
5. اسلامی تعلیمات کے مطابق ذہن سازی کے لئے اچھے اخلاق، صبر وشکر، حُسنِ سلوک اور قرآن وسُنّت کے عامل بن کر اپنی اولاد کے سامنے عملی نمونہ پیش کیجیے۔
6. جھوٹ، غیبت، چغلی، لڑائی جھگڑا، گالی گلوچ، بدنگاہی اور دیگر گناہوں سے بچنے کا ذہن دیتے رہیے۔
7. جسمانی نشوونما اور صحت کی درستی کے لئے اپنی حیثیت کے مطابق حلال کمائی سے اچھی اور متوازن غذا بالخصوص دودھ اور پھل وغیرہ کی ترکیب بنایئے۔
8. اپنے بچے کی تعلیمی کیفیت سے آگاہ رہنے کے لئے روزانہ ہوم ورک ڈائری چیک کیجیے اور وقتاً فوقتاً اساتذۂ کرام اور انتظامیہ کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں (پیرنٹس ٹیچرز/پیرنٹس منیجمنٹ) میں شرکت فرمایئے۔
9. غلطیوں کی اصلاح کے لیے بے جا مار پیٹ کے بجائے محبت نرمی اور حکمت کے ساتھ سمجھایئے۔
10. اپنی اولاد کو ہر وقت اپنی نیک دُعاؤں مثلاً علم وعمل میں برکت اور درازی عمر بالخیر وغیرہ سے نوازتے رہیے۔

Dar-ul-Madinah

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | ہم مسلمان ہیں | ۱ |
| ۲ | ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | ۲ |
| ۳ | کلمہ اور دُرود | ۳ |
| ۴ | دُعائیں | ۴ |
| ۵ | کھانا کھانے کے آداب | ۷ |
| ۶ | پانی پینے کے آداب | ۱۱ |


# ہم مسلمان ہیں

**مقاصد**

اس سبق کے ذریعے طلبہ کو یہ سکھانا کہ
الف۔ ہمارا رب اللّٰہ تعالیٰ ہے۔
ب ۔ ہمارے رسول حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہیں۔

**سوال** ہم کون ہیں؟
**جواب** مسلمان۔

**سوال** ہمارا رب کون ہے؟
**جواب** اللّٰہ تعالیٰ۔

**سوال** ہمارے نبی کون ہیں؟
**جواب** حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم



## رہنمائے معلمات

۱ سافٹ بورڈ پر اسم جلالت اللّٰہ تعالیٰ اور حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خوبصورت لکھ کر لگایئے اور مدنی منوں اور منیوں کو اچھی طرح ذہن نشین کرا دیجیے کہ ہمارا رب اللّٰہ تعالیٰ اور ہمارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہیں۔
۲ کھانے پینے کی مختلف چیزیں یا ان کی تصویریں دکھا کر بتائیں کہ یہ سب چیزیں اللّٰہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کی ہیں۔
۳ مدنی منوں اور منیوں کو بتایئے کہ ہم سب مسلمان ہیں، اور ہم اللّٰہ تعالیٰ اور اسکے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرتے ہیں۔



Dar-ul-Madinah

# ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

**مقاصد**

اس سبق کے ذریعے طلبہ کو
الف۔ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا نام سکھانا۔
ب۔ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے والد اور والدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کا نام سکھانا۔



**سوال** ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا نام کیا ہے؟

**جواب** حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

**سوال** ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے والد کا نام کیا ہے؟

**جواب** حضرت عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔

**سوال** ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی والدہ کا نام کیا ہے؟

**جواب** حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا۔

## رہنمائے معلمات

١ مدنی منوں اور منیوں کو پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا نام اچھی طرح یاد کرا دیجئے۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔

٢ مدنی منوں اور منیوں کو پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے نام اچھی طرح یاد کرا دیجئے۔ وقتاً فوقتاً سُنتے رہیے تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں۔



# کلمہ اور دُرود

**مقاصد**

اس سبق کے ذریعے طلبہ کو
الف۔ پہلا کلمہ سکھانا۔
ب۔ دُرود پاک سکھانا۔

**پہلا کلمہ (طیب)**

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

**دُرود پاک**

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## رہنمائے معلمات

١ مدنی منوں اور منیوں کو کلمہ طیب دو حصوں میں یاد کروائیے، نیز طیب کا معنیٰ "پاک" بھی یاد کرا دیجیے۔

٢ یاد ہو جانے پر پورا کلمہ انفرادی طور پر سنیے، جو نہیں سنا سکتے ان پر مزید کوشش کیجئے لیکن سختی سے پرہیز کیجیے۔

٣ مدنی منوں اور منیوں کو رات کو سونے سے پہلے کلمہ طیب پڑھ کر سونے کا ذہن دیجیے۔

٤ مدنی منوں اور منیوں کو دُرودِ پاک اچھی طرح یاد کرا دیجئے اور بتائیے کہ دُرود شریف پڑھنے والوں سے اللہ تعالیٰ اور ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خوش ہوتے ہیں۔



Dar-ul-Madinah

# دُعائیں

**مقاصد**

اس سبق کے ذریعے طلبہ کو

الف۔ اوپر چڑھنے اور نیچے اُترنے کی دُعا سکھانا۔

ب۔ پانی پینے کی دُعا سکھانا۔

## اوپر چڑھنے کی دُعا

اَللّٰہُ اَکْبَر



### رہنمائے معلمات

١ مدنی منوں اور منیوں کو اوپر چڑھنے کی دُعا اچھی طرح یاد کرا دیجیے۔

٢ یاد ہو جانے پر مدنی منوں اور منیوں سے اُوپر چڑھنے کی دُعا ایک ساتھ سنیے۔

٣ مدنی منوں اور منیوں کو بتایئے کہ سیڑھیاں چڑھتے وقت یا کسی بھی اونچی جگہ چڑھتے وقت یہ دُعا پڑھیں۔

۴ درست اعراب کے ساتھ خوبصورت انداز میں لکھ کر سیڑھیوں کے پاس دیوار پر یا سافٹ بورڈ پر چسپاں کیجیے۔

۵ مدنی منوں اور منیوں کو دارالمدینہ میں موجود سیڑھیوں یا کسی بلند جگہ پر چڑھاتے ہوئے دُعا کی عملی مشق کروایئے۔



## نیچے اُترنے کی دُعا

سُبْحَانَ اللّٰہ



### رہنمائے معلمات

١ مدنی منوں اور منیوں کو نیچے اترنے کی دُعا اچھی طرح یاد کرا دیجیے۔

٢ یاد ہو جانے پر مدنی منوں اور منیوں سے نیچے اترنے کی دُعا ایک ساتھ سنیے۔

٣ مدنی منوں اور منیوں کو بتایئے کہ سیڑھیاں اُترتے وقت یا کسی بھی اونچی جگہ سے اُترتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

۴ مدنی منوں اور منیوں کو دارالمدینہ میں موجود سیڑھیوں یا کسی بلند جگہ پر لے جا کر اوپر سے نیچے اُترتے ہوئے دُعا کی عملی مشق کروایئے۔



Dar-ul-Madinah